© rasailojaraid.com

# افکارِ احرار

میں محسوس کر رہا ہوں کہ انگریز اب اس ملک میں زیادہ عرصہ نہیں ٹھیر سکتا۔ اس کا تختِ اقتدار مجھے ڈولتا ہوا نظر آرہا ہے۔ میں دیکھ رہا ہوں کہ ہندو بنیا بھی اپنے ناپاک عزائم سمیت ہمارے وطن سے رخصت ہورہا ہے۔

اے مسلمانانِ عزیز!

اب وقت آگیا ہے کہ تم اپنے آپ کو سنبھالو۔ دینی اقدار کی پاسداری میں کوئی کسر نہ اٹھا رکھو اور ایک من اجلے مسلماں کی طرح ایک دوسرے کے حقوق و فرائض کا لحاظ کرو ۔ آزادی کی منزل تمہارے دروازوں پر آکر دستک دے رہی ہے لیکن آزادی کے جانفزا لمحات سے ہمکنار ہونے سے پہلے اگر تمہاری حالت نہ بدلی تو پھر شاید تم کبھی امن و سکون، شرافت و دیانت، اخوت و محبت اور عدل و رواداری ایسی بے بہا نعمتوں کو بھی حاصل نہ کرسکو گے۔ آزادی تو مل کر رہے گی لیکن تمہارے اپنے افعال کی بدولت شرم و حیا، سچائی و راست بازی، ادب واحترام اور غیرتِ دینی آہستہ آہستہ تم سے دور ہوتی چلی جائیگی۔

یہی جاگیر دار و سرمایہ دار پھر تمہارے حاکم ہوں گے۔ جنہوں نے فرنگی کی غلامی کا عرصہ طویل تر کرنے میں اپنا غدارانہ رول ادا کیا اور مربعے اور جاگیروں کا عوضانہ وصول کیا ہے۔

عزیزانِ من!

یہ غفلت کا وقت نہیں بلکہ اپنے آپ کو چار چول چوکس اور باخبر رکھنا ضروری ہے تاکہ دشمن اپنی سازش میں کامیاب نہ ہونے پائے۔ اپنے تمام تر فروعی اختلافات پسِ پشت ڈال کر انگریز اور اس کی معنوی اولاد کے تمام عزائم خاک میں ملادو۔ یہ تبھی ممکن ہے جب تمہارا دل مؤمن اور روح مسلمان ہوگی"

حضرت مولانا محمد گل شیر شہید

اقتباسِ خطاب ۱۹۴۴ء

از مولانا محمد گل شیر شہید

سوانح وخدمات (صفحہ ۲۳۷-۲۳۸)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



# آئینہ


| | | |
|---|---|---|
| دل کی بات | مدیر | ۳ |
| قومی اسمبلی میں معرکۂ ایمان والحاد | قمر الحسنین | ۵ |
| اللہ رے خاکِ پاکِ مدینہ کی آبرو | علامہ محمد اقبالؒ | ۷ |
| نعت | پروفیسر اسلم انصاری | ۹ |
| تحریک اسلامی انقلاب | مولانا محمد اسحٰق سندیلوی مدظلہٗ | ۱۰ |
| تابعین کرام کی باتیں | ادارہ | ۱۸ |
| آیت استخلاف کی روشنی میں ایک من گھڑت حقیقت | مولانا سعید الرحمٰن علوی | ۱۹ |
| آزر کون ؟ | مولانا مفتی منظور احمد تونسوی | ۲۹ |
| گاہے گاہے باز خواں | محترم مرزا محمد حسن چغتائیؒ | ۳۵ |
| کشفِ سبائیت | مولانا ابو ریحان مدظلہٗ | ۴۰ |
| عرفانیات | مولانا عبدالکریم صاحب صابر | ۵۵ |
| ترانۂ احرار | علامہ طالوتؒ | ۵۶ |
| گلبشیر | سید عطاء المحسن بخاری | ۵۸ |
| عہد ساز قیادت | ادارہ | ۵۹ |
| کچھ کر لو نوجوانو ! | پروفیسر محمد اکرام تائب | ۶۰ |
| سیرت کانفرنس | حبیب اللہ چیمہ | ۶۱ |
| چمن چمن اجالا | حبیب اللہ رشیدی | ۶۲ |


© rasailojaraid.com